1179 ـ ناخن تراشنے کے بعد پھنکنا

سوال

کیا یہ صحیح ہے کہ ناخن تراشنے کے بعد پھینکنے حرام ہیں، اور کیا انہیں دفن کرنا ضروری ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ناخن تراشنے مشروع ہیں، کیونکہ ناخن تراشنا فطرتی خصلت میں شامل ہوتا ہے، اور تراشنے کے بعد انہیں پھینکنے میں کوئی حرج نہیں اور انہیں دفن کرنا ضروری نہیں ہے، اور اگر وہ اسے کوڑے دان میں پھینک دے، یا پھر دفن کردے تو اس میں کوئی حرج نہیں.

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء (5 / 174).

لیکن اگر یہ ڈر ہو کہ یہ ناخن جادوگروں کے ہتھے چڑھ جائینگے تو پھر انہیں وہاں پھینکے یا دفن کرے جہاں سے ان کے ہاتھ نہ لگیں.

واللہ اعلم .